## سوال

(798)جماعت کھڑی ہو تو فجر کی دو سنتیں کب پڑھیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر فجر کی جماعت کھڑی ہو تو فجر کی سنتیں کب پڑھی جائیں؟ کیا جماعت میں شامل ہونے سے پہلے پڑھنا ضروری ہیں یا فرض پڑھنے کے بعد بھی سنتیں پڑھی جا سکتی ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

فجر کی جماعت کھڑی ہونے کی صورت میں صبح کی نماز کے بعد سنتیں پڑھی جا سکتی ہیں۔ سنن ترمذی میں باب ہے: ماجاء فیمن تفوته الرکعتان قبل الفجر یصلیهما بعد صلاة الصبح اور سورج طلوع ہونے کے بعد بھی پڑھنا درست ہے جیسا کہ سنن ترمذی میں عنوان ہے: ماجاء فی إعادتهما بعد طلوع الشمس۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:682

## محدث فتویٰ